ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(116)

مورخہ 02.03.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 12 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کوتوالی، تھانہ بغداد الجدید، تھانہ اوچشریف اور تھانہ قائم پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 05 ملزمان شفقت محمود، صفدر مسیح، بلال، اسد بھٹی اور ممتاز مغل کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 275 لیٹر شراب 01 عدد چالو بھٹی برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ اوچشریف، تھانہ سٹی یزمان اور تھانہ سٹی حاصل پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان عمران گلزار، ارشاد اور اصغر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 01 کلو 930 گرام چرس اور 520 گرام ہیروئن برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ صدر بہاول پور، تھانہ مسافر خانہ، تھانہ اوچشریف اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 04 ملزمان حسنین، اعجاز، ریحان بلوچ اور صہیب کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03 عدد پسٹل 30 بور اور 01 ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (117)

02.03.24

بہاولپور( )ڈی پی او سید محمد عباس کی زیر صدارت ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ کرائم میٹنگ، کرائم کو کنٹرول اور منشیات فروشوں کے خلاف گرینڈ آپریشن کریں، چوری شدہ مال مسروقہ کو برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کیا جائے،عوام کی جان و مال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ کمیونٹی پولیسنگ اور پبلک سروس ڈیلیوری پر بھرپور توجہ دی جائے،شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر حل کرنا ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی کرائم کنٹرول کے حوالے سے پالیسی کو مد نظر رکھتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ایس پی انوسٹی گیشن غلام مہتدیٰ حافظ کے ہمراہ ضلع میں امن وامان اور کرائم کنٹرول کے حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس لائنز کے ریکریشن ہال میں ضلع کے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے ساتھ میٹنگ کی ۔اس موقع پر ڈی پی او نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بحیثیت پولیس آفیسرز معاشرے کی اصلاح اور ترقی و بلندی میں ہمارا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے ۔ہم قانون کی بالادستی، جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی اور لوگوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے صف اول کے سپاہی ہیں ۔انصاف کی بروقت فراہمی اور لوگوں میں احساس تحفظ پیدا کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ ہمارا عزم ہے اور ہم اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ عوام کے ساتھ عزت و احترام اور باوقار طریقہ سے پیش آیا جائے اور ان کے مسائل احسن طریقے سے حل کیے جائیں ۔شہریوں کی جانب سے دی جانے والی درخواستوں اور پکار 15 کی کال موصول ہونے پر قابل دست اندازی پولیس جرم پایا جائے تو فوری طور پر مقدمہ کے اندراج کو یقینی بنائیں ۔انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کے دوران آنے والے سائلین کی فوری دادرسی کر کے واپس رپورٹ بھجوائیں ۔تمام شہری ہمارے لیے قابل عزت ہیں۔شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز/تھانہ کی سطح پر ہی حل ہونے چاہیے تا کہ عوام کا پولیس پر مزید اعتماد بڑھے ۔مجرمان اشتہاری اور قانون شکن عناصر کو گرفتار کریں ۔مقدمات میں ملوث ملزمان کو بھی قانون کی گرفت میں لایا جائے ۔منشیات فروشوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے ۔کمیونٹی پالیسنگ اور پبلک سروس ڈیلیوری پر بھی بھرپور توجہ ہونی چاہیے۔شہریوں کی جانب سے ایمرجنسی صورتحال کے پیش نظر پکار 15 پر موصول ہونے والے کالز پر فوری طور پر ریسپانس کریں۔اس میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی ۔ایس ڈی پی اوز اپنے سرکل اور ایس ایچ اوز اپنے اپنے تھانہ کی حدود میں کرائم کو کنٹرول کریں، ہاٹ سپاٹ والے ایریاز کی خصوصی نگرانی کریں اور گشت کے نظام کو موثر بناتے ہوئے موسم بہار میں پتنگ فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لائیں تا کہ لوگوں کی قیمتی جانوں کو محفوظ بنایا جا سکے ۔میٹنگ کے آخر میں ڈی پی او نے تمام ایس ایچ اوز کو موٹر سائیکل اور گاڑیوں کی چوری کی روک تھام کیلئے موثر حکمت عملی کو یقینی بنانے، درج شدہ مقدمات کو ٹریس کرنے، مسروقہ پراپرٹی کو برآمد کرنے اور ملزمان کی گرفتاریوں کے متعلقہ افسران کو ٹاسک سونپے ۔

ترجمان بہاولپور پولیس